© rasailojaraid.com



بردباری کا نمونہ ہے ـــــ بلاشبہ ان کا شمار عصر حاضر کے بلور روزگار افراد میں ہونا چاہیے۔ (و-م)

## کتب موصولہ

☆ **پارہ عم**' اردو انگریزی میں ترجمہ اور تشریح کے ساتھ' ناشر: بیت الحکمت' مدینتہ الحکمت' محمد بن قاسم ایونیو' کراچی۔ صفحات: ۱۱۸۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [آخری پارے کا عربی متن' آسان اور توضیحی اردو ترجمہ' علامہ عبداللہ یوسف علی کا انگریزی ترجمہ' اور نونہالان وطن کو مخاطب کر کے ایک مختصر تشریح ـــ بقول حکیم محمد سعید: "قرآن حکیم کی تعلیم اور تفہیم کے بغیر تعلیم و تربیت کا کوئی تصور ممکن نہیں۔ (اسی) سے سچے مسلمان اور اچھے انسان کا وجود ممکن ہو سکتا ہے"۔ ایک قابل قدر کتاب]۔

☆ **قرآنی عربی**' ڈاکٹر ابراہیم حافظ اسماعیل سورتی' مترجم: رضوان الحق' ناشر: تاف قرآنی عربی فاؤنڈیشن' برمنگھم۔ ملنے کا پتہ: اردو بک ریویو' ۱۷۳۹/۳ نیو کوہ نور ہوٹل' پٹوڈی ہاؤس' نئی دہلی' ۱۱۰۰۰۲۔ صفحات: ۲۸۷۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [سالہا سال کے تدریسی تجربات کے نتیجے میں اخذ کردہ طریقوں کی روشنی میں قرآنی عربی سکھانے کے لیے ایک مفید کتاب]۔

☆ **دعوت** (روزنامہ) خصوصی اشاعت: "تعلیم اور مسلمان آزادی کے بعد"' مدیر: پرواز رحمانی۔ پتہ: ۳۱۴ ابو الفضل انکلیو' جامعہ نگر' اوکھلا' نئی دہلی۔ صفحات: ۱۳۶۔ قیمت: ۲۰ روپے۔ [آزادی کے بعد بھارت میں مسلمانوں کی دینی اور عصری تعلیمی صورت حال پر وہاں کے اساتذہ اور ماہرین تعلیم کے بیس معلومات افزا اور فکر انگیز مضامین]۔

☆ **حجاج کرام کے لیے آسان دعائیں** ناشر: شعبہ حج' جماعت اسلامی کراچی' شکارپور کالونی' کراچی۔ صفحات: ۳۲۔ ہدیہ: ۱۰ روپے۔ [جیبی سائز کا خوب صورت مجموعہ۔ قرآن و حدیث کے ایسے اذکار اور دعائیں جن کا یاد کرلینا آسان ہے]۔

☆ **دعوت و تبلیغ کے رہنما اصول**' فتحی یکن' ترجمہ: محمد رضی الاسلام ندوی۔ ناشر: اسلامک بک فاؤنڈیشن۔ ۱۷۸۱' حوض سوئی والان' نئی دہلی۔ صفحات: ۱۵۵۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [مصنف کی کیف ندعو الاسلام کا عمدہ ترجمہ۔ دعوت کے طریقے۔ اسلامی نظام کے اہم اور بنیادی خطوط۔ بحث و گفتگو کے موضوعات۔ ایک مفید کتاب]۔

☆ **دیوان غالب**' مرزا اسد اللہ خاں غالب۔ ناشر: فضلی سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ ۴' ماما پارس بلڈنگ' اردو بازار' کراچی۔ صفحات: ۳۴۳۔ (چھوٹی تقطیع) قیمت: ۱۰۰ روپے مجلد۔ [عمدہ کاغذ' بے داغ کتابت' خوب صورت حاشیے کے اندر خلیق گوہکی مرحوم کی کتابت میں یہ یادگاری نسخہ' تحفے میں دینے کے لائق ہے]۔

☆ **نشید شیراز**' مولانا ظفر علی خاں' مرتبہ: پروفیسر جعفر بلوچ۔ ناشر: الحسن اکادمی' ۸ غزالی پارک' نزد وحدت کالونی' لاہور۔ صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [مرتب نے مولانا ظفر علی خاں کا فارسی کلام' ان کے اردو مجموعوں اور اخبارات و رسائل سے' بڑی محنت سے جمع کر کے حواشی کے ساتھ مرتب کر دیا ہے۔ یہ علمی خدمت لائق تحسین ہے]۔

© rasailojaraid.com